شکل میں جو "مقالات مولانا محمد داؤد غزنوی" کے نام سے شائع فرمایا ہے۔ یہ ان کی بہت بڑی خوش نصیبی ہے کہ انھوں نے مقدور بھر اس میدان میں پیش قدمی کی ہے۔

یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

ہمارے فاضل دوست مولانا محمد حنیف یزدانی اس کے علاوہ جماعت کے دیگر مقتدر بزرگوں کی چند تصانیف کو بھی زیورِ طبع سے آراستہ کر کے منصۂ شہود پر لا چکے ہیں جس میں شیخ الکل حضرت میاں سید نذیر حسین دہلوی، قاضی محمد سلیمان پٹیالوی، اور شیخ الحدیث مولانا محمد اسمٰعیل سلفی کی بعض تصانیف شامل ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب "مقالات مولانا محمد داود غزنوی" شائع کر کے انھوں نے بہت بڑی علمی اور ملی خدمت سرانجام دی ہے۔

اس مجموعے میں حضرت غزنوی علیہ رحمہ کے نہایت قیمتی اور گراں بہا علمی مقالات کو جمع کیا گیا ہے۔ جس کی قدر و قیمت اس کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہو سکتی ہے۔ تمام مقالات ایک لافانی شہ کار کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان کی سالانہ کانفرنس سرگودھا منعقدہ ۱۴-۱۵-۱۶۔ مارچ ۱۹۶۳ء کا خطبۂ صدارت تو اس سلسلہ میں حرفِ آخر ہے جو اس مجموعہ میں شامل ہے۔

امید کرنی چاہیئے کہ مولانا محمد حنیف یزدانی حضرت غزنوی کے دیگر خطبات اور "توحید" کے اداریئے جو ایک انمول خزانہ ہیں کو تلاش کر کے شائع کرنے کی سعی فرمائیں گے۔ واللہ الموفق

مقالات مولانا غزنوی خطیب حضرات، علماء کرام، اساتذہ اور طلباء کے لئے یکساں مفید اور نفع بخش ہے۔ اس لئے اس کے مطالعہ کی پر زور اپیل کی جاتی ہے۔ بہترین کاغذ، عمدہ طباعت اور نفیس سرورق ۴۲۹ صفحات کی یہ کتاب /۳۳ روپے میں مرتب موصوف سے درج ذیل پتہ پر مل سکتی ہے۔ خوبیوں کے لحاظ سے کتاب کی قیمت کوئی زیادہ نہیں۔ پتہ یہ ہے: مکتبہ نذیریہ، خطیب مسجد قبا اہلحدیث علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

کتاب	سیرت نبوی قرآنی	مصنف	عبدالماجد دریا آبادی
قیمت	۲۵/ روپے	ملنے کا پتہ	مکہ بکس، ۵ بخشی مارکیٹ

بیرون موری دروازہ، لاہور۔

مولانا عبد الماجد دریا آبادی کی شخصیت برصغیر میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ موصوف قدیم و